سوال

جہالت کی وجہ سے شلوار میں احرام باندھ لیا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ایک سال پہلے میں عمرہ کےلیے گیا تو مجھے بعض شرائط کے بارے میں علم نہ تھا، میں نے جب میقات سے احرام باندھا تو جہالت کی وجہ سے احرام کے نیچے نیکر بھی پہن لی، جب میں عمرہ سے واپس آیا تو بعض لوگوں نے بتایا کہ یہ جائز نہیں اور جب مجھے یہ معلوم ہوا کہ سلا ہوا لباس جائز نہ تھا تو میں نے اس سال پھر عمرہ ادا کر لیا ہے، تو پہلے جو میں نے حالت احرام میں سلا ہوا کپڑا پہن لیا تھا تو کیا اس کی وجہ سے مجھ پر کچھ لازم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ پر کچھ لازم نہیں کیونکہ آپ کو شرعی حکم کا علم نہ تھا، اس ممنوع کام کے ارتکاب میں جہالت کی وجہ سے آپ معذور ہیں، فدیہ اس شخص کےلیے ہے جو ایسا کام جانتے ہوئے اور قصد وارادہ سے کرے، آپ کےلیے عمرے کا اعادہ بھی لازم نہیں ہے کیونکہ آپ نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جس سے عمرہ فاسد ہو گیا ہو، لہذا آپ کا دوسرا عمرہ نفل شمار ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ